**LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)**

**Notice No. 780**

**Department: - Minerals Development**

توجہ دلاؤنوٹس نمبر 780

منجانب:۔ محترمہ آشبر جان جدون صاحبہ، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ معدنیات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ صوبہ کے مختلف علاقوں میں غیر قانونی کان کنی زور شور سے جاری ہے۔ جس سے نہ صرف قومی خزانے کو نقصان ہو رہا ہے بلکہ ماحولیاتی آلودگی اور مقامی آبادی کو بھی شدید مسائل کا سامنا ہے۔

**LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)**

**Notice No. 790**

**Department:- Climate change, Forestry, Environment and wildlife**

توجہ دلاؤنوٹس نمبر 790

منجانب:۔ جناب منیر حُسین، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ ماحولیات وجنگلات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ ضلع مانسہرہ کے سیاحتی علاقہ ناران، لولوسر کے قریب واقع اراضی پر مقامی افراد عرصہ دراز سے کاروبار کر رہے ہیں اور ان کا روزگار اس سے وابستہ ہے، کو محکمہ جنگلات کی جانب سے سال 2003 میں لولوسر نیشنل پارک حدود میں شامل کر دیا گیا۔ تاہم محکمہ کی جانب سے تاحال نہ تو اس اراضی کی کوئی باقاعدہ حد بندی کی گئی ہے اور نہ ہی حصولی اراضی ایکٹ 1894 کے تحت کوئی قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی ہے اور مقامی افراد کے کاروبار جو انکی اپنی ملکیت میں ہیں میں نیشنل پارک کی آڑ میں مداخلت کی جارہی ہے جو کہ قانون اور آئین کے خلاف ہے اور یہ صورتحال آئین کی آرٹیکل 23 کے خلاف اور متصادم ہے۔ لہذا حکومت ضلع مانسہرہ کے سیاحتی علاقہ ناران، لولوسر کے قریب واقع اراضی کی حد بندی اور قانونی حیثیت کو واضح کرنے کیلئے عملی احکامات اُٹھائیں تاکہ متاثرہ افراد کے حقوق اور روزگار کو تحفظ حاصل ہو سکے۔